کے کون سے صفحے پر کون سا مضمون ہے۔ اسی طرح کتب ورسائل اور مجلّات کے مشتملات کے بارے میں واقفیت حاصل کرنے کا بھی کوئی طریقہ وضع ہونا چاہیے تھا۔ چنانچہ اہل تحقیق نے رسائل کی اشاریہ سازی کا طریقہ نکالا۔ اسی کام کا شوق رکھنے والے ایک نوجوان محمد شاہد حنیف ہیں۔ جنھوں نے اس میدان میں آسانیاں پیدا کرنے کا عزم کر رکھا ہے۔ اشاریہ سے کسی بھی قاری یا محقق کو اپنے مطلوبہ موضوع کی تلاش میں بہت زیادہ سہولت ہوتی ہے۔

مجلّہ ''علوم القرآن''، انجمن طلبہ قدیم مدرسہ الاصلاح علی گڑھ کا جاری کردہ ایک رسالہ ہے۔ قرآنیات سے متعلق مختلف زبانوں کی مطبوعات سے آگاہی دینا اس مجلّے کی نمایاں خصوصیات میں سے ایک ہے۔ زیرِ تبصرہ اشاریہ ''مجلّہ علوم القرآن'' کے چوبیس سالہ شماروں پر مشتمل ہے۔ اس میں مصنف وار اشاریہ بھی شامل کر دیا گیا ہے جس میں ہر مصنف کے مقالات، تبصرے، تراجم کے علاوہ دیگر تحریروں کی بھی ایک ہی جگہ نشان دہی کی گئی ہے۔ **(مبصر: شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی)**

● **نام کتاب:** اشاریہ ''فقہ اسلامی'' کراچی۔ اپریل ۲۰۰۰ء تا دسمبر ۲۰۱۳ء **مرتب:** محمد شاہد حنیف

ضخامت: ۱۱۱ **قیمت:** درج نہیں

ناشر: اسلامک فقہ اکیڈمی پوسٹ بکس ۱۷۷۷۷ گلشن اقبال کراچی

ماہنامہ ''فقہ اسلامی'' کراچی، ایک تعلیمی و تحقیقی مجلّہ ہے جو اپنی اشاعت کے چودہ سال مکمل کر چکا ہے۔ فقہ کے موضوع پر لکھنا اور کہنا کچھ آسان بات نہیں اس کتاب میں ماہنامہ ''فقہ اسلامی'' میں شائع ہونے والے مضامین کا ایک تفصیلی اشاریہ شائع کیا گیا ہے۔ جس سے چودہ سالوں میں اس مجلّے میں کی گئی محنت ایک نظر میں سامنے آجاتی ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ اس مجلّہ میں کن کن موضوعات پر کس کس مصنف کی تحریریں شائع ہوئی ہیں۔ اشاریے کی حیثیت ایک رہنماء کی ہوتی ہے۔ ہم اس کے ذریعے اپنے مطلوبہ مضمون تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کتاب میں تمام مضامین کو مختلف موضوعات میں تقسیم کر کے درج کیا گیا ہے۔ جس سے کسی بھی شخصیت پر معلومات ایک ہی جگہ پر یکجا مل جاتی ہیں۔ اشاریہ سازی ایک دقیق کام ہے اور تحقیق کی دنیا میں کتاب اور اشاریہ لازم وملزوم ہو گئے ہیں۔

زیرِ نظر اشاریہ ملک کے معروف اشاریہ نویس جناب شاہد حنیف نے مرتب کیا ہے۔ جناب شاہد حنیف کا شمار ملک کے چند معروف اشاریہ نویسوں میں کیا جاتا ہے۔ ان کے مرتب کردہ اشاریے اہل علم وتحقیق کے لیے ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں۔ **(مبصر: شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی)**

● **نام کتاب:** ۱۹۴۷ء میں لدھیانہ کے مسلمانوں پر کیا گذری؟ **مصنف:** محمد اسلم

ضخامت: ۱۸۰۰ **قیمت:** ۳۵۰۰ روپے

ناشر: الخیر پبلی کیشنز: اے ٹی ایم بلڈنگ، پل کوریاں، سمندری روڈ فیصل آباد

پاکستان بننے کے بعد بہت ساری کتابیں تصنیف کی گئیں۔ جن میں ۱۹۴۷ء میں مسلمانوں پر ہونے والے